31/01/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ طارق گنائی سے خبریں سُن

میٹنگ

نئی دلی میں آج بھارت -عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ منعقد ہو رہی ہے یہ میٹنگ بھارت اور متحدہ عرب امارات کی مشترکہ صدارت میں منعقد ہو گی ۔ میٹنگ میں عرب لیگ ممبر ممالک کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ کے سیکریٹری جنرل شرکت کر رہے ہیں۔

ایل جی ملاقات

جموں کشمیر اپنی پارٹی کے صدر سید محمد الطاف بخاری نے جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

اسی دوران ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل نگری کٹھوعہ کے ممبر انجینئر سندیپ Majotra کی قیادت میں ایک عوامی وفد اور جموں میونسپل کارپوریشن کے سابق میئر راجندر شرما کی سربراہی میں ایک وفد نے بھی ایل جی کے ساتھ ملاقات کی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے جموں صوبے کے آٹھ اضلاع سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندوں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا مشاورتی عمل مکمل کر لیا ہے۔
ا

نہوں نے بجٹ تیار کرنے میں جامع اور شراکتی طریقہ کار اپنا کر جموں کشمیر کی مجموعی ± ترقی کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیایہ بات قابل ذکر ہے کہ جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس سوموار دو فروری سے شروع ہوگا۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ سرکار جموں کشمیر کی تہذیب و تمدن اور لسانی ورثے کو تحفظ فراہم کرنے اور فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔ ان باتوں کا اظہار
ا

نہوں نے جموں میں منعقدہ راشٹریہ ڈوگری کوی سمیلن میں شرکت کے دوران کیا۔ ±
ا

نہوں نے کہا کہ زبانیں اور ادب سماجی ارتقا میں ایک اہم رول ادا کرتی ہیں۔±

اس کوی سمیلن کا انعقاد جموں کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز نے 77 ویں یوم جمہوریہ کی مناسبت سے کیا تھا۔

جاوید احمد رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ سرکار لوگوں کے جائز مطالبات پورا کرنے اور عوام کی راحت رسانی کے لئے وعدہ بند ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے سول سیکرٹریٹ جموں میں کئی افراد اور عوامی وفودکے مسائل سننے کے دوران کیا ۔

خورشید گنائی

جمونو کشمیر میں منشیات کی بدعت ہر گزرتے دن کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کا فی تعداد میں نوجوان اس لت کے شکارہو رہے ہیں۔ اس مسئلے کے بارے میں گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز کے چیر مین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہاکہ تمام سطحونپر جامع کوششوں اور عزم سے اس پر قابو پایاجا سکتا ہے ۔

------Khurshid-----

JK کیسز

جموں کشمیر میں کینسر کے کیسز پر قا بو پانے ، اس کی تحقیق اور علاج سے متعلق نئی دلی کے بھارت منڈپم میں اعلیٰ سطح کا ایک مشاروتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں نیتی آیوگ کے ڈایریکٹر ICMRکے ممبر ڈاکٹر وی کے پال، جموں کشمیر کے چیف سیکرٹری اٹل ڈلو ، جنرل راجیو بہل اور جموں کشمیر کے سیکرٹری صحت ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ کے علاوہ دیگر

کئی متعلقین اور ماہرین نے شرکت کی۔اس مشاورتی اجلاس کا مقصد جموں کشمیر میں کینسر کے کنٹرول کیلئے ایک جامع اور قابل عمل حکمت عملی تیار کرنا تھا۔

ایوارڈ

77 ویں یوم جمہوریہ کی قومی سطح کی پریڈ میں حصہ لینے والی جمونکشمیر کی جھانکی کو دوسرا ایوارڈ ملا ہے۔ یہ ایوارڈ کل نئی دلی کے راشٹریہ رنگ شالا کیمپس میں منعقدہ ایک تقریب پر جموں کشمیر کے پرنسپل سیکرٹری کلچر برج موہن شرما نے دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ سے حاصل کیا۔ اس جھانکی کے ذریعے جموں کشمیر کی رنگا رنگ ثقافت، تہذیب اور تمدن کی عکاسی کی گئی تھی۔

مشاہرہ

سرکار نے سما گراہ شکشا اور پی ایم شری کے تحت تعینات کئے گئے ووکیشنل ٹرینرس کے ماہانہ مشاہرے میں اضافہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس فیصلے پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ ہنر پر مبنی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور ان اساتذہ کی فلاح و بہبود یقینی بنانے کیلئے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

اس فیصلے کی رو سے یکم اپریل 2022سے پہلے تعینات کئے گئے ووکیشنل Trainers کو ماہانہ25 ہزار روپے کا مشاہرہ جبکہ یکم اپریل 2022 یا اس کے بعد تعینات کے گئے Trainers کو ماہانہ 22 ہزار روپے کا مشاہرہ دیا جائے گا۔ اس فیصلے پر یکم اپریل 2024 سے عمل درآمد ہوگا۔

Winter Jingle

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارتمنفی صفر اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ